A **810**

SECOND TERMINAL EVALUATION 2017-18

STD – VIII **First Language Part-1 (Urdu)** Time :1 ½Hrs
Score : 40

പൊതു നിർദേശങ്ങൾ

- ആദ്യത്തെ 15 മിനുട്ട് ചോദ്യങ്ങൾ വായിച്ച് മനസ്സിലാക്കാനുള്ള സമാശ്വാസ സമയമാണ്.
- 1 മുതൽ 5 വരെയുള്ള എല്ലാ ചോദ്യങ്ങൾക്കും ഉത്തരമെഴുതേണ്ടതാണ്.
- 6 മുതൽ 12 വരെയുള്ള ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും 5 എണ്ണത്തിന് മാത്രം മൂന്നോ നാലോ വാചകങ്ങളിൽ ഉത്തരമെഴുതുക.
- 13 മുതൽ 18 വരെയുള്ള ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും 4 എണ്ണത്തിന് മാത്രം നാലോ അഞ്ചോ വാചകങ്ങളിൽ ഉത്തരമെഴുതുക

● ایک سے پانچ تک تمام سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔

1. لب پہ آتی ہے دعا بن کے تمنّا میری
زندگی شمع کی صورت ہو خدایا میری

بچّو، یہ دعائیہ نظم کا ایک شعر ہے۔اس کا شاعر کون ہے؟ چن کر لکھیے۔ (1)
(شمس منیری، جوش ملیح آبادی، علّامہ اقبال، اسماعیل میرٹھی)

2. گروہ سے نامناسب جملہ چن کر لکھیے۔ (2)

a اشوک پورم گاؤں والے بڑے مہمان نواز ہیں۔
b اشوک پورم گاؤں والے بڑے غریب اور مزدور ہیں۔
c اشوک پورم میں بے شمار جامن کے پیڑ ہیں۔
d اشوک پورم میں بڑی عمارتیں اور بڑے کارخانے ہیں۔

3. نیچے دیے جملوں کو الگ الگ خانوں میں لکھیے۔ (2)

* بڑی بڑی عمارتیں ہیں
* صاف ستھری ہوا ہے
* گاڑیوں کی بھیڑ ہے
* ہرے بھرے کھیت ہیں

sheniblog www.shenischool.in

شہر	گاؤں
-------------	-------------
-------------	-------------

4. خانہ 'الف' کو خانہ 'ب' سے ملا یئے۔ 2

ب	الف
مٹی کے برتن	کپڑے کی دوکان
لڈو	اناج کی دوکان
ساڑی	حلوہ بازار
گیہوں	دست کاری میلہ

5. نیچے دیے اشعار غور سے پڑھیے۔ان میں اردو زبان سے متعلقہ شعر الگ لکھیے۔ 2

a محبوب زمانہ ہے مرغوب زمانہ ہے
بچپن کا زمانہ بھی کیا خوب زمانہ ہے

b تنے گا مسرّت کا اب شامیانہ
بجے گا محبّت کا نقّار خانہ

c پھیلی ہوئی ہے چین و مصر و عراق تک یہ
قومیں جہاں کی اس سے ہیں ہم زبان ہماری

● 6 سے 12 تک سوالوں سے کسی پانچ کے جواب تین چار جملوں میں لکھیے۔ 5x3=15

6. ہماری زندگی میں پیڑ کی بڑی اہمیت ہے۔پیڑ ماحول کی حفاظت کرتا ہے۔
بچّو ، پیڑ لگانے سے ہمیں کیا کیا فائدے ہیں ؟ اپنے خیالات تین جملوں میں لکھیے۔

7. بچّو ، سفر کے لیے ہم مختلف گاڑیاں استعمال کرتے ہیں۔
a چار گاڑیوں کے نام لکھیے۔
b پسندیدہ ایک گاڑی کے بارے میں دو جملے لکھیے۔

8.

ناریل پانی
تازہ پانی ... میٹھا پانی ... صحت کے لیے اچھا پانی !

sheniblog www.shenischool.in

اشتہار غور پڑھیے اس طرح کوئی پسندیدہ چیز کے لیے ایک اشتہار تیار کیجیے ۔
(جیسے : چھتری، بسکٹ، قلم، بستہ، صابن وغیرہ)

9. ہمارا گاؤں یا شہر دن بدن آلودگی کا شکار ہوتا جارہا ہے۔
بچّو، آلودگی سے بچنے کے لیے ہم کیا کیا کر سکتے ہیں؟ چند جملے لکھیے۔

10. آنند کو اشوک پورم گاؤں بہت پسند آیا۔ بہتی ہوئی ندیاں، آسمان سے باتیں کرنے والے پہاڑ، کُکر مُتا کی طرح ابھری ہوئی جھونپڑیاں...
بچّو، آپ کے گاؤں میں کیا کیا نظارے ہیں؟ چار جملے لکھیے۔

11. 'ہم کتنے غریب ہیں' کہانی آپ نے پڑھی ہے نا؟
a اس کہانی کے دو اہم کرداروں کے نام لکھیے۔
b پسندیدہ ایک کردار کے بارے میں چار جملے لکھیے۔

12.
محبوب زمانہ ہے مرغوب زمانہ ہے
بچپن کا زمانہ بھی کیا خوب زمانہ ہے

بچّو، بچپن کے بارے میں لکھا ہوا اس شعر میں شاعر کیا کہہ رہا ہے؟ شعر کا مطلب لکھیے۔

● 13 سے 18 تک کے سوالوں میں کسی چار کے جواب چار پانچ جملوں میں لکھیے۔ 4x4=16

13. کشور رماویلی اسٹور سے سامان خرید کر گھر واپس آرہا تھا۔ وہ سوچنے لگا کہ یہ شہر کتنا بڑا ہے۔ کتنی بھیڑ ہے۔ بڑی چہل پہل ہے...
بچّو، کیا آپ نے شہر دیکھا ہے؟ شہر کے بارے میں چند جملے لکھیے۔

14. پوسٹر غور سے پڑھیے اور نیچے دیے سوالوں کے جواب لکھیے۔

۹/نومبر عالمی یومِ اردو مقام : سرکاری ہائی اسکول ترشور وقت : ۹ نومبر ۲۰۱۷ء شام چار بجے افتتاح : جناب جمال احمد صاحب ایم۔ ایل۔ اے۔ بچّوں کے مختلف پروگرام سب کا خیر مقدم — اردو کلب

sheniblog www.shenischool.in

a عالمی یوم اردو کب منایا جاتا ہے ؟

b پروگرام کا افتتاح کون کرتا ہے ؟

c اردو زبان کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں ؟ تین جملے لکھیے۔

15. ندی نالوں میں دن بدن پانی کم ہوتا جا رہا ہے۔آج کل پانی کی بڑی اہمیت ہے۔پانی کی حفاظت کرنے کے لیے کشور اپنے اسکول میں سائن بورڈ(Sign Board) تیار کیا ہے۔

پانی انمول ہے	پانی خدا کی نعمت ہے

بچوّ ، پانی کی حفاظت پر اس طرح کے اور دو سائن بورڈ تیار کیجیے ۔

16. عبارت پڑھ کر چار سوالات تیار کیجیے ۔

علاّمہ محمد اقبال اردو کے مشہور فلسفی شاعر ہیں۔وہ سیال کوٹ میں پیدا ہوئے۔ ان کی یوم پیدائش ۹/نومبر ہے۔اس دن عالمی یوم اردو کے طور پر منایا جاتا ہے۔ان کی نظم 'سارے جہاں سے اچھا' ہندوستان کے ہر لوگوں کی زبان پر ہے۔ان کی شاعری میں حبِّ وطن کا جذبہ پایا جاتا ہے۔اس لیے ہر ہندوستانیوں کے دلوں میں ان کا نام زندہ ہے۔

(اشارے: کون، کیا، کہاں، کیوں، کیسے ، کب)

17.

یہی بات واجب ہے ہر مرد و زن پر کریں سب مدد ایک کی ایک مل کر
کرو صبر آتا ہے اچھا زمانہ لگے ہاتھ سب کا تو اٹھ جائے چھپّر

اشعار غور سے پڑھیے۔ان میں شاعر دوسروں کی مدد کرنے کے بارے میں بیان کرتا ہے۔

a بچوّ ،اس نظم کا شاعر کون ہے ؟

b اشعار کا مطلب اپنے الفاظ میں لکھیے۔

18. کشور شام چار بجے اسکول سے اپنا گھر پہنچا۔چائے دے کر اس کی ماں نے کہا۔

جلدی چائے پی لو بیٹے ۔ بعد میں تھوڑا کام ہے۔

کشور: کیا کام ہے امیّ جان!

امیّ : -----------

کشور اور امیّ جان کی گفتگو آگے بڑھائیے ۔(کم سے کم چار جملے)

***

sheniblog www.shenischool.in